दूर की आवाज़

دور کی آواز

اداکاران

جے مکرجی

ساحرہ بانو

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

دور کی آواز فلم کے

گانا نمبر ا

اِک مُسافر کو دُنیا میں کیسا چاہئیے
صرف تھوڑی سی دِل میں جگہ چاہئیے بیٹھ جاؤں
او موٹے لالہ تُونے کیا ہے کیسا چھید
ٹکٹ تیرا سنگل مگر تُو ڈبل
کھسک ذرا پیارے سرک ذرا پیارے
ایسی باڈی میں دِل بھی بڑا چاہئیے ۔ اِک مسافر۔۔۔
او نقلی داڑھی والے تُو غصہ مت کر
ہمیں بھی جگہ دیدے خدا سے ذرا ڈر
کھسک ذرا پیارے سرک ذرا پیارے
تیرا تو کیا نہ تیرا بنے چاہئیے ۔ اِک مسافر۔۔۔
ہم پر بھی ذرا کردو عنایت کی نظر
خوشی سے کٹ جائے ہمارا بھی سفر
کھسک ذرا پیارے سرک ذرا پیارے
یُوں کسی کا نہ دِل توڑنا چاہئیے ۔ اِک مسافر۔۔۔

گانا نمبر ۲:۔ دِل میرا آج کھو گیا ہے کہیں
آپ کے پاؤں کے نیچے تو نہیں
یُوں نظر پھیر کے مت جائیے ۔ رُکیئے تو ذرا

آپ کو میری قسم ٹھہریئے سنیئے تو ذرا
ہیں جہاں آپ میرا دِل ہے وہیں - آپ کے ـــــ
دِل میرا آج کھو گیا ہے کہیں
کس طرح دِل کی مَیں توہین گوارا کروں
آپ کی بھولی نگاہوں پہ بھروسہ کروں
دِل چُراتا نہیں ہوں کون حسیں - آپ کے ـــــ
دِل چُرایا ہو تو پہلو میں چھپائے رکھیئے
زندگی بھر مجھے دیوانہ بنائے رکھیئے
لیکن ایک بار دِلا دیجئے یقیں - آپ کے ـــــ
گانا نمبر ۱۳ - مقدر آزمانا چاہتا ہوں
تجھے اپنا بنانا چاہتا ہوں
مجھے بس پیار کا اِک جام دے دو
مَیں سب کچھ بھول جانا چاہتا ہوں
گھڑی بھر کو میرے نزدیک آؤ
ذرا آنکھوں سے آنکھیں تو ملاؤ
مَیں حال دِل سنانا چاہتا ہوں - مقدر...
جو تم چاہو تو مِل جائے ٹھکانا
تمہارے دِل میں آنا چاہتا ہوں
مجھے بس پیار کا اِک جام دے دو
مَیں سب کچھ بھول جانا چاہتا ہوں
مقدر آزمانا

گانا نمبر ۴:- ہاتھوں میں ہاتھ ہونٹوں پہ افسانے پیار کے
منزل کو اپنی چل دیئے دیوانے پیار کے
دِل کی راہوں میں آجا
اِن نگاہوں میں آجا
اے میرے دِل کی دُنیا میری باہوں میں آجا
ایسی مدہوشی کیا ہے اِتنی بے تابی کیا ہے
سامنے جب ہے منزل پھر تمہیں جلدی کیا ہے
رہ رہ کے چھلکے جاتے ہیں پیمانے پیار کے
منزل کو اپنی ......
کب سے دیوانہ تھا دِل تیرا پروانہ تھا دِل
کر دِیا تجھ سے صدقے تیرا نذرانہ تھا دِل
دِل کا افسانہ کہہ کے
پیار کی دُھن میں رہ کے
مَیں بھی ہُوں کھوئی کھوئی تم بھی ہو بہکے بہکے
مستی میں ڈوبے جاتے ہیں مستانے پیار کے
منزل کو اپنی —
گانا نمبر ۵:- حُسن سے چاند بھی شرمایا ہے
تیری صُورت نے غضب ڈھایا ہے
ہائے اِن پیار میں ڈوبی ہوئی آنکھوں کی قسم
آدمی کیا ہے فرشتوں کے بہک جائیں قدم
بن پیئے مجھ پہ نشہ چھایا ہے — تیری صُورت....

جب سے پایا ہے تجھے ہوش نہیں ہے مجھ کو
یا تو یہ سچ ہے کہ میں دیکھ رہا ہوں تجھ کو
یا کوئی خواب نظر آیا ہے — تیری صورت...
مسکرائے جو تیرے لب تو بہار آئی
کھِل گئے پھول پڑی تیری جہاں پرچھائی
تو نے گلشن میرا مہکایا ہے — تیری صورت...
گانا نمبر ۶۔ ہم بھی اگر بچے ہوتے
نام ہمارا ہوتا گبلو ببلو
کھانے کو ملتے لڈو
اور دنیا کہتی ہیپی برتھ ڈے ٹو یو
کوئی لاتا گڑیا موٹر ریل
تو کوئی فرکی لٹو اور جاپانی کا ٹٹو — اور...
کتنی پیاری ہوتی ہے یہ بھولی سی عمر
نہ نوکری کی چنتا نہ روٹی کی فکر
ننھے منے ہوتے ہم تو دیتے سو حکم
پیچھے پھرتے ممی ڈیڈی بن کے نوکر
چاکلیٹ بسکٹ ٹافی کھاتے اور پیتے دودھ — اور...
کیسے کیسے نخرے کرتے گھر والوں سے ہم
پل میں روتے پل میں ہنستے کرتے ناک میں دم
اکڑ بکڑ کا چھیتی کمنی چھو آ چھو
کرکے دن بھر ہلا گلا دنگا اور اودھم

اَور کبھی ضد پہ اڑ جاتے جیسے اڑیل ٹٹو - اَور....
اب تو ہے یہ حال کہ جب سے بنیا بچپن
ماں سے جھگڑا باپ سے ٹکر بیوی سے ان بن
کو ہو کے ہم بیل بنے ہیں دھوبی کے گدھے
دُنیا بھر کے ڈنڈے سر پہ آگے دنا دن
بچپن اپنا ہوتا تو نہ کرتے ڈبچو ڈبچو - اَور...
گانا بھر :- بند کے میرا مقدر بگاڑنے والے
جواب دے او میرا گھر اُجاڑنے والے
کیا یوں ہی روٹھ کے جانے کو محبت کی تھی
زندگی میری مٹانے کو محبت کی تھی
آنکھ میں خواب تیرے لب پہ کہانی تیری
مجھکو تڑپاتی ہے دِن رات نشانی تیری
کیا مجھے تو نے رُلانے کو محبت کی تھی - زندگی...
اَور مجھے بھولنے والے تو کہاں ہے آجا
کیا ہوئی مجھ سے خطا یہ تو ذرا بتلا جا
یا یہ کہہ دے کہ دکھانے کو محبت کی تھی
زندگی میری....
گانا بھر :- موہے ترچھی نجریا نا مار دسیتاں جی
چوٹ کر یجوا لاگے سیتاں جی
نا تم ہمارے کوئی ہو نہ ہم تمہارے ہیں
تو پھر یہ آنکھوں ہی آنکھوں میں کیا اِشارے ہیں

تم تو نکہت ہو ہم کو ایسے
جیسے چمن کی ہریالی ہو جیسے
ہوش اپنے ذرا تو سنبھالو او ستیاں جی
تم ہی اکیلے نہیں ہو ہمارے دیوانے
ہم ایسی شمع ہیں جس کے ہزار پروانے
کوئی نہیں ہمارا من بسیا
جاؤ جی جاؤ روپ کے رسیا
یوں نہ شیشے میں ہمکو اتارو ستیاں جی ۔
گانا نمبر ۹۔ ٹوٹ گئی میرے من کی مرلیا
رہ گئے گیت ادھورے
آس ترانہ بن گئی میری نا ہوئے
خوشی کے نغمے سپنے دلے
غم کا ترانہ کیا جانے ۔ ٹوٹ گئی ۔
ہائے رے اس کی مجبوری جو ہنس پائے نہ رو پائے
واہ رے اس کی قسمت
جس کی دنیا بنے اور کھو جائے ۔ ٹوٹ گئی ۔
بیت رہی جو میرے دل پر مشکل ہے وہ بتانا
پتھر بن کر اپنوں کو بھی کہنا پڑا ہے بیگانا
ٹوٹ گئی ۔

ختم شد

صنعت و حرفت کی کتابیں

الیکٹرک گائیڈ	4/-/-	تیل عطر سازی	2/-/-
ورکشاپ گائیڈ	4/-/-	گھڑی سازی	2/8/-
موٹر گائیڈ	4/-/-	ریڈیو گائیڈ	4/-/-
کمروڈ آئیل	5/-/-	صابون سازی	1/8/-
ڈسکر ہادرین	6/-/-	مکمل مرغی خانہ ہر سہ حصہ	4/-/-
الیکٹرک وائرنگ	4/-/-	تمباکو کی دوکان	2/-/-
خراد شکنا	3/-/-	بوٹ پالش بنانا	2/8/-
آئیل انجن گائیڈ	5/-/-	سینما مشین آپریٹر	4/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-	شیشہ سازی	2/-/-
مکمل فوٹو گرافی	2/8/-	اچار مربے چٹنی	1/8/-
روشنائی سازی	2/-/-	باورچی خانہ	2/8/-
خوبصورت بنو	1/8/-	مجموعہ فالنامہ	1/-/-
ٹریکٹر گائیڈ	4/-/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
جنتری پیمائش چوب	1/4/-	بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-
کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
کاشتکاری باغبانی	4/-/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی